# Prime Minister addresses CoWIN Global Conclave 2021

July 05, 2021

## وزیر اعظم کا کووِن عالمی اجلاس 2021 سے خطاب

**05 جولائی، 2021**

وزیراعظم نے کووِن عالمی اجلاس سے خطاب کیا ، بھارت کووڈ-**19** سے نمٹنے کی غرض سے کوون پلیٹ فارم کو پوری دنیا کی عوام کے لئے ایک ڈیجیٹل سہولت کے طور پر پیش کررہا ہے

**:**کووِن پلیٹ فارم کو ایک کھلا ذریعہ بنایا گیا ہے ، جو تمام ملکوں کو دستیاب ہے وزیراعظم

ایپ، تیارکرنے والوں کے لئے آسانی ’’آروگیہ سیتو‘‘کروڑصارفین کے ساتھ **20**تقریباً وزیراعظم **:**سے دستیاب ایک پیکج ہے

برسوں میں اس قسم کی عالمی وبا جیسی بیماری کی کوئی مثال نہیں ملتی **100**گزشتہ اورکوئی بھی ملک ،خواہ وہ کتنا ہی طاقتور کیوں نہ ہو ، الگ تھلگ رہ کر اس طرح کے وزیراعظم **:**مسئلے کو حل نہیں کرسکتا

وزیراعظم **:**ہمیں آپس میں مل کر کام کرنا ہوگااور مل کر آگے بڑھنا ہوگا

بھارت نے ٹیکہ کاری سے متعلق اپنی حکمت عملی وضع کرنے کے دوران مکمل طور پر وزیراعظم **:**ایک ڈیجیٹل طریقہ کار اختیارکیا ہے

محفوظ اور قابل اعتماد ثبوت کی بدولت عوام کو یہ طے کرنے میں مددملے گی کہ انہوں نے کب ،کہاں اورکس سے ٹیکہ لگوایا ہے؟ وزیراعظم

ڈیجیٹل طریقہ کار کی بدولت ٹیکو ں کے استعمال کے بارے میں جانکاری حاصل کرنے وزیراعظم **:**اور ان کی بربادی کو کم سے کم کرنے میں بھی مددملی ہے

ایک کرہ ارض ، ایک صحت سے متعلق حکمت عملی کی رہنمائی کی بدولت ، انسانیت وزیر اعظم **:**اس عالمی وبا پریقیناً قابوپالے گی

نئی دہلی، 05 جولائی2021: وزیراعظم جناب نریندر مودی نے آج کووِن عالمی اجلاس سے خطاب کیا ہے جبکہ بھارت نے کووڈ-19 سے نمٹنے کی غرض سےدنیا کو عوام کے لئے ایک ڈیجیٹل ماڈل کے طور پر کووِن پلیٹ فارم پیش کیا ہے ۔

وزیراعظم نے اپنے خطاب کے آغازمیں تمام ملکوں میں اس عالمی وبا کے سبب ہوئے جانوں کے اتلاف پر اپنی تعزیت کا اظہار کیا۔وزیراعظم نے دورانِ خطاب یہ تبصرہ کیا کہ گزشتہ 100برسوں میں اس قسم کی عالمی وبا جیسی کوئی مثال نہیں ملتی اورکوئی بھی ملک ،خواہ وہ کتنا ہی طاقتور کیوں نہ ہو ، الگ تھلگ رہ کر اس جیسے مسئلے کو حل نہیں کرسکتا۔ وزیراعظم نے کہا کہ کووڈ -19سے سب سے بڑا سبق ہمیں یہ ملا ہے کہ انسانیت کے لئےاور انسانی کاز کے لئے ہمیں آپس میں مل کر کام کرنا ہوگا اور مل کر آگے بڑھنا ہوگا۔ ہمیں ایک دوسرے سے سیکھناہوگا اور اپنے بہترین طور طریقوں کے بارے میں ایک دوسرے کو واقف کرانا ہوگا۔

کرتے اجاگر کو عزم کے ت بھار متعلق سے تبادلے کے وسائل اور مہارت ، تجربات اپنے ساتھ کے برادری عالمی
خلاف کے وبا عالمی کیا۔ اظہار بھی کا خواہش کی بھارت کی سیکھنے سے طریقوں طور عالمی نے اعظم وزیر ہوئے
،جس ہے شعبہ ایسا ایک وئیر سافٹ کہ کہا نے نریندرمودی جناب ہوئے دیتے زور پر اہمیت کی ٹکنالوجی میں لڑائی
سے لگانے پتہ کا افراد متاثرہ سے کووڈ نے بھارت کہ ہے وجہ یہی ۔ ہے نہیں رکاوٹ کوئی کی وسائل میں
لگ کہ کیا نمایاں کو بات اس نے انہوں ۔ کردی جاری ہوئی عمل قابل طورپر تکنیکی یہ ہی جیسے ایپ اپنی متعلق
ہے۔ پیکج ایک دستیاب سے آسانی لئے کے والوں تیارکرنے ، ایپ '' سیتو آروگیہ'' ساتھ کے کروڑصارفین 20 بھگ
ہیں بناسکتے یقینی کو بات اس آپ بعد کے جانے کئے استعمال میں بھارت کہ بتایا کو سامعین عالمی نے وزیراعظم
ہے۔ گئی کی جانچ میں دنیا حقیقی لئے کے پیمانے اور تیزی کی اس کہ

وزیراعظم نے کہا کہ ٹیکہ کاری کی اہمیت کے مدنظر بھارت نے ٹیکہ کاری سے متعلق اپنی حکمت عملی تیار کرتے وقت ایک مکمل ڈیجیٹل طریقہ کار اختیار کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔اس کی بدولت عوام کو یہ ثابت کرنے میں مدد ملی ہے کہ انہوں نے ٹیکہ لگوالیا ہے اور عالمی وبا کے بعد کے عالمی منظرنامے میں معمول کے حالات تیزی سے بحا ل کرنے میں بھی مدد ملی ہے۔

محفو ظ اور قابل اعتماد ثبوت کی بدولت عوام کویہ طے کرنے میں مدد ملے گی کہ انہوں نے کب ، کہاں اور کس سے ٹیکہ لگوایا ہے۔ ڈجیٹل طریقہ کار کی وجہ سے ٹیکوں کے استعمال کے بارے میں جانکاری حاصل کرنے اور ان کی بربادی کو کم سے کم کرنے میں بھی مدد ملی ہے۔

پوری دنیا کو ایک خاندان سمجھنے سے متعلق بھارت کے فلسفے کے عین مطابق وزیراعظم نے کہا کہ کووڈ ٹیکہ کاری سے متعلق پلیٹ فارم کوون کو ایک کھلا ذریعہ بنانے کے طو پر تیار کیا گیا ہے۔ جلد ہی اسے تمام ملکوں کو دستیاب کرادیا جائے گا۔

جناب مودی نے اس بات پر زور دیا کہ آج کا یہ اجلاس اس پلیٹ فارم کو عالمی سامعین سے متعارف کرانے کی جانب پہلا قدم ہے۔ وزیراعظم نے جانکاری دی کہ کوون کے ذریعہ بھارت نے کووڈ ویکسین کے 35 کروڑ ٹیکے لگائے ہیں ۔ ان میں چند رو ز پہلے ایک دن میں ہی 90 لاکھ لوگوں کو لگائے گئے ٹیکے بھی شامل ہیں۔اس کے علاوہ جن افراد نے ٹیکے لگوائے ہیں انہیں کچھ بھی ثابت کرنے کے لئے کسی بھی قسم کا کوئی کاغذ اپنے پاس رکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ ڈیجیٹل فارمیٹ میں دستیاب ہے۔

وزیراعظم نے دلچسپی رکھنے والے ملکوں کی مقامی ضروریات کے مطابق سافٹ ویئر کو اسی کے مطابق بنانے کی ضرورت پر بھی زوردیا۔وزیراعظم نے اس امید کے ساتھ اپنا خطاب مکمل کیا کہ ‘پوری دنیا کے لئےصحت کے ایک نظام’ سے متعلق حکمت عملی کے ذریعہ انسانیت یقینی طورپر اس عالمی وبا پر قابو پالے گی۔

**نئی دہلی**

**05 جولائی، 2021**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.